سوال

(611) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں ملنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں ملنا کیسا ہے کسی نیک متقی بندے کو زیارت ہو سکتی ہے یا نہیں جبکہ کئی اماماں دین اس کے خلاف ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بحالت خواب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی بھی پرہیز گار متقی آدمی کو نظر آجانا ممکن ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے ۔

«من رانی فی المنام فقد رانی فان الشیطان لا یتمثل بی» (مختصر الشمائل المحمدیة (ص: 206)

یعنی ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا پس تحقیق اس نے مجھے دیکھ لیا کیونکہ شیطان میری شکل اختیار نہیں کرسکتا ۔''

بالفرض اگر کوئی اس مسلک کے خلاف نظریہ رکھتا ہے تو وہ باطل ہے کیونکہ کتاب وسنت کے نصوص منافی ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص883

محدث فتویٰ